© rasailojaraid.com

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ اور مجلس شوریٰ کے

# اھم فیصلے

''وفاق'' کی مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۲۲/ جون ۲۰۰۳ء اور مجلس شوریٰ کے اجلاس منعقدہ ۲۳/ جون ۲۰۰۳ء کے اہم فیصلے اطلاع عام کیلئے شائع کئے جارہے ہیں۔

۱ **ضمنی امتحان :** ...... سالانہ امتحان میں ناکام ہونے والے تمام درجات کے طلباء وطالبات کے لئے ''ضمنی امتحان'' کی رعایت بحال کر دی گئی ہے۔ ضمنی امتحانات ہر سال ذی قعدہ کے پہلے عشرہ میں منعقد ہوں گے۔ داخلہ فارم ۲۵/شوال تک وصول کئے جائیں گے، جبکہ نظر ثانی کی درخواست ۱۰/ شوال تک دفتر ''وفاق'' بھجوانا لازمی ہوگا۔ ۲۰/ شوال تک دفتر ''وفاق'' نظر ثانی کی تمام درخواستیں نمٹادے گا۔

۲ **کامیابی کا معیار :** ...... عالمیہ کے علاوہ تمام درجات میں کامیابی کیلئے کم از کم ۲۴۰ نمبر حاصل کرنا اور چار کتابوں میں پاس ہونا ضروری ہے جبکہ عالمیہ میں کامیابی کے لئے حسب سابق ۴۰ فیصد نمبر کے علاوہ بخاری شریف اور ترمذی شریف میں پاس ہونا ضروری ہے۔

۳ **سند کی منسوخی :** ...... ایسے طلباء وطالبات جو وفاق سے سند حاصل کرنے کے بعد خدانخواستہ عقائد ومسلک اہل سنت والجماعت حنفی دیوبندی سے انحراف کر کے غلط عقائد ونظریات اپنالیں ''وفاق'' کو ان کی سند منسوخ کرنے کا اختیار ہوگا۔

۴ **شہریت کی تبدیلی :** ...... ایسے غیر ملکی طلباء جو پاکستانی قوانین کے مطابق باضابطہ شہریت حاصل کر چکے ہوں حکومت پاکستان کے جاری کردہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور متعلقہ قانونی دستاویزات کے ہمراہ باضابطہ درخواست کے ذریعے اپنی سند میں شہریت (الجنسیہ) تبدیل کرواسکتے ہیں۔

۵ **موجودہ تعلیمی ادارے سے داخلہ کی سہولت :** ...... جو طلباء وطالبات ضمنی امتحان دینا چاہیں وہ ''وفاق'' سے ملحق کسی دوسرے ادارہ کی تصدیق (جس میں وہ زیر تعلیم ہوں) سے بھی درخواستیں بھجواسکتے ہیں۔ سابقہ ادارہ کی طرف سے فارم بھجوانے کی پابندی ختم کر دی گئی ہے۔

۶ **اعزاز و تقسیم انعامات :** ...... امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کے اعزاز میں وفاق المدارس کے زیر انتظام ہر سال ایک تقریب منعقد کی جائے گی جس میں ان کی حوصلہ افزائی کے علاوہ انعامات بھی دیئے جائیں گے۔

۷ **طالبات کی شرعی وضع قطع :** ...... طلباء کی طرح طالبات کے لئے بھی شرعی وضع قطع کا ہونا ضروری ہے۔ شرعی حجاب کی پابندی نہ کرنے والی یا شرم وحیاء کے منافی لباس پہننے والی اور ناخن پالش استعمال کرنے والی یا غیر شرعی طور پر بال کٹوانے والی طالبات کو وفاق کا امتحان دینے کی اجازت نہ ہوگی۔ ضابطہ کے مطابق امتحانی عملہ کی نشاندہی پر ایسی طالبات کا نتیجہ کالعدم قرار دے دیا جائے گا۔

۸ **مدارس میں پردہ کی پابندی :** ...... ''وفاق'' کی مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۲۲/ جولائی ۲۰۰۳ء کے فیصلہ کے مطابق پردہ کی پابندی نہ کرنے والے ''مدارس بنات'' کا ''وفاق'' سے الحاق منسوخ کر دیا جائے گا۔

محمد حنیف جالندھری
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

© rasailojaraid.com